## گلگت بلتستان، اسکردو اور دیگر شمالی علاقہ جات کے عوام انتخابات میں ایم کیو ایم کے
## حق پرست امیدواروں کو کامیاب بنا کر حق پرستی کا ثبوت دیں۔ الطاف حسین
## ایم کیو ایم ہی گلگت بلتستان، اسکردو اور دیگر علاقوں کے محروم عوام کو ان کے حقوق دلائے گی
## گلگت بلتستان کے عوام نے تمام جماعتوں کو آزمایا ہے، ایک مرتبہ ایم کیو ایم کو بھی آزما کر دیکھیں
## ملک کی قسمت نوجوانوں کے ہاتھ میں ہے، نوجوان آگے آئیں اور اپنے حقوق کے حصول کیلئے عملی جدوجہد میں حصہ لیں
## گلگت بلتستان، اسکردو اور دیگر شمالی علاقہ جات کے عوام کے نام الطاف حسین کا پیغام

لندن۔۔۔24 اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے گلگت بلتستان، اسکردو اور دیگر شمالی علاقہ جات کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ انتخابات میں ایم کیو ایم کے حق پرست امیدواروں کو کامیاب بنا کر حق پرستی کا ثبوت دیں کیونکہ ایم کیو ایم ہی گلگت بلتستان ، اسکردو اور دیگر علاقوں کے محروم عوام کو ان کے حقوق دلائے گی۔ گلگت بلتستان ، اسکردو اور دیگر شمالی علاقہ جات کے عوام کے نام اپنے ایک پیغام میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ گزشتہ 62 برسوں کے دوران آپ مختلف سیاسی و مذہبی جماعتوں کو آزماتے چلے آئے ہیں، سب یہی دعوے کرتے ہیں کہ ہم عوام کے مسائل حل کریں گے لیکن اقتدار میں آنے کے بعد عوام کے بجائے اپنے ذاتی مسائل حل کرتے ہیں۔ ان تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں میں بڑے بڑے جاگیردار، سرمایہ دار اور وڈیرے شامل ہیں، اگر یہ جماعتیں غریبوں کی ہمدرد ہوتیں تو اپنی اپنی جماعتوں کے غریب و متوسط طبقہ کی باصلاحیت کارکنوں کو ٹکٹ دیتیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی 62 سالہ تاریخ میں اگر کسی جماعت نے غریب و متوسط طبقہ کے پڑھے لکھے اور باصلاحیت افراد کو سینیٹ، قومی وصوبائی اسمبلی اور بلدیاتی ایوانوں میں بھیجا ہے تو وہ ایم کیو ایم ہے۔ جناب الطاف حسین نے گلگت بلتستان، اسکردو اور دیگر شمالی علاقہ جات کے عوام ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور نوجوانوں سے اپیل کی کہ آپ نے تمام جماعتوں کو آزمایا ہے، ایک مرتبہ ایم کیو ایم کو بھی آزما کر دیکھیں اور انتخابات میں ایم کیو ایم کے حق پرست امیدواروں کو کامیاب بنا کر حق پرستی کا ثبوت دیں۔ انہوں نے گلگت بلتستان کے عوام سے اپیل کی کہ ایم کیو ایم کے حق پرست امیدواروں کا انتخابی نشان پتنگ ہے لہٰذا عوام پتنگ پر مہر لگا کر ایم کیو ایم کے امیدواروں کو کامیاب بنائیں کیونکہ ایم کیو ایم آپکی جماعت ہے، ایم کیو ایم ہی گلگت بلتستان، اسکردو اور دیگر علاقوں کے محروم عوام کو انکے حقوق دلائے گی اور وہاں تیزی کے ساتھ ترقیاتی کام کرائے گی۔ انہوں نے خاص طور پر نوجوانوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ملک کی قسمت آپ کے ہاتھ میں ہے لہٰذا آپ آگے آئیں اور اپنے حقوق کے حصول کیلئے عملی جدوجہد میں حصہ لیں۔ جناب الطاف حسین نے کراچی سمیت ملک بھر میں آباد گلگت بلتستان کے رہنے والوں سے بھی پرزور اپیل کی کہ وہ بھی گلگت بلتستان، اسکردو اور دیگر علاقوں میں اپنے رشتہ داروں سے سے درخواست کریں کہ وہ انتخابات میں ایم کیو ایم کے امیدواروں کو کامیاب بنائیں۔

## گلگت میں حق پرست امیدوار کیپٹن ہادی کی بڑی انتخابی ریلی
## ریلی کے شرکاء نے مختلف علاقوں میں گشت کیا، نومل، کاظم آباد اور جگلوٹ میں الیکشن آفسوں کا افتتاح
## دہشت گردی اور انتہاء پسندی کے خاتمے کیلئے الطاف حسین کی کوششیں ناقابل فراموش ہیں، یاور جمیل کا کارنر میٹنگ سے خطاب

گلگت۔۔۔24، اکتوبر 2009ء

گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کے سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ کے تحت حلقہ گلگت GBLA-3 میں حق پرست امیدوار کیپٹن (ر) ہادی حسین کی ایک بڑی انتخابی ریلی نکالی گئی جس میں کارکنان اور عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ریلی کی سربراہی حلقہ GBLA-3 کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار ہادی حسین، ایم کیو ایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن عابد زیدی اور سابق صوبائی مشیر اطلاعات سندھ حامد عابدی نے کی۔ ریلی کے شرکاء نے مختلف علاقوں میں گشت کیا۔ اس موقع پر نومل، کاظم آباد اور جگلوٹ میں ایم کیو ایم کے الیکشن آفسوں کا افتتاح بھی کیا گیا۔ ریلی کے شرکاء کاروں، موٹر سائیکلوں، سوزوکیوں پر سوار تھے اور انہوں نے ہاتھوں میں ایم کیو ایم کے پرچم اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تصاویر اٹھا رکھی تھیں، وہ اپنے ہاتھوں پر ایم کیو ایم کے پرچم جیسی پٹیاں بھی باندھے ہوئے تھے۔ ریلی کے شرکاء ایم کیو ایم اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے حق میں پرجوش انداز میں فلک شگاف نعرے لگا رہے تھے۔ ریلی کے اختتام پر جگلوٹ میں بڑی کارنر میٹنگ کا انعقاد کیا گیا جس سے ایم کیو ایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ

انچارج یاور جمیل نے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی اور انتہاء پسندی کے خاتمے کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی عملی کوششیں نا قابل فراموش ہیں اور گلگت بلتستان میں فرقہ واریت کا خاتمہ بھی حق پرستی کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کے فروغ سے ممکن بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ مفاد پرستوں نے کراچی اور سندھ کو بھی فرقہ واریت کی بھینٹ چڑھائے رکھا تھا لیکن قائد تحریک جناب الطاف حسین نے عوام میں مذہبی رواداری، اخوت اور بھائی چارگی کے جذبے کو پروان چڑھا کر کراچی اور سندھ سے فرقہ واریت کا خاتمہ کر کے ثابت کر دیا کہ حق پرستی کا فکر وفلسفہ اور نظریہ سچائی پر مبنی ہے۔ یاور جمیل نے گلگت بلتستان کے عوام سے اپیل کی کہ وہ 12 نومبر کو انتخابات میں حق پرست امیدواروں کو بھاری اکثریت سے ووٹ دیکر کامیاب بنائیں اور حق پرستوں کے انتخابی نشان پتنگ پر مہر لگائیں۔ اس موقع پر ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن عبدالخالق بلوچ اور ایم کیوایم گلگت بلتستان کے انچارج ہدایت علی بھی موجود تھے۔

## نومنتخب وزیراعظم آزاد کشمیر کا بھرپور حمایت کرنے پر نائن زیرو ٹیلی فون کر کے الطاف حسین سے دلی تشکر کا اظہار

کراچی۔۔۔24، اکتوبر 2009ء

آزاد کشمیر کے نومنتخب وزیراعظم راجہ فاروق حیدر نے قانون ساز اسمبلی میں ایم کیوایم کی جانب سے بھرپور حمایت کرنے پر قائد تحریک الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا ہے۔ ہفتہ کے روز انہوں نے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد ٹیلی فون کیا اور رابطہ کمیٹی کے ارکان سے گفتگو کی۔ گفتگو کے دوران انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی جانب سے کی جانے والی حمایت اور بھرپور تعاون کے باعث آزاد کشمیر میں ایک بار پھر جمہوری عمل بحال ہوا جس پر قائد تحریک جناب الطاف حسین زبردست خراج تحسین کے مستحق ہیں۔ انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کا شکریہ ادا کیا اور ان سے دلی تشکر کا اظہار کیا۔ اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان نے راجہ فاروق حیدر کو وزیراعظم منتخب ہونے پر مبارکباد دی اور امید ظاہر کی کہ وہ میرٹ کو بنیاد بنا کر کشمیری عوام کے مسائل کے حل اور انہیں بہتر سہولیات کی فراہمی کیلئے بلاتفریق رنگ ونسل اور زبان کام کریں گے۔

## متحدہ اسکاؤٹ دستے نے الطاف حسین کی جانب سے جی ایچ کیو راولپنڈی پر حملے میں شہید لانس نائیک شاہد اقبال اور انجینئر محمد وارث علی کی قبروں پر فاتحہ خوانی کی اور شہداء کو سلامی پیش کی

کراچی۔۔۔24، اکتوبر 2009ء

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے راولپنڈی میں جی ایچ کیو پر دہشت گردوں کے حملے میں شہید لانس نائیک شاہد اقبال اور انجینئر محمد وارث علی شہید کی قبروں پر متحدہ قومی موومنٹ کے اسکاؤٹس دستے نے فاتحہ خوانی کی۔ ایم کیوایم کا متحدہ اسکاؤٹس دستہ شہید فوجی افسران اور جوانوں کو خراج تحسین اور سلامی پیش کرنے کیلئے صوبہ پنجاب کے ڈسٹرکٹ فیصل آباد پہنچ گیا اور انہوں نے سھتیانہ دوڑ سمندری چک نمبر 172 گ، ب کے قبرستان میں لانس نائیک شاہد اقبال شہید اور گجرات میں واقع عالم گڑھ قبرستان میں انجینئر محمد وارث علی شہید کی قبروں پر حاضری دیکر فاتحہ خوانی اور انہیں سلامی دی اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ ملک کی سلامتی اور بقاء جس مقصد کیلئے انہوں نے اپنی جانوں کی قربانی دی ہے وقت آنے پر پوری قوم اعظیم مقصد کیلئے جانوں کی قربانی دینے کو تیار ہے۔ انہوں نے شہداء کو قائد تحریک الطاف حسین اور ایم کیوایم کی جانب زبردست خراج عقیدت پیش کیا اور قبروں پر پھولوں کی چادر بھی چڑھائی۔ اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سیف یار خان، ڈاکٹر علی حسین، حق پرست صوبائی وزیر سندھ خالد بن ولایت اور حق پرست رکن قومی اسمبلی سید آصف حسنین، پنجاب آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن عنصر بٹر اور دیگر بھی موجود تھے۔ بعدازاں متحدہ اسکاؤٹس کے دستے نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ہمراہ جی ایچ کیو راولپنڈی پر حملے میں شہید انجینئر محمد وارث علی کے بھائی محمد یونس سے ملاقات کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے شہید فوجی افسران اور جوانوں کے لواحقین کے بلند حوصلے اور عزم وہمت کے اظہار پر زبردست خراج تحسین بھی پیش کیا۔

## ایم کیوایم شعبہ خواتین کی کارکن محترمہ شہناز بیگم کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔24، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم شعبہ خواتین فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 52 کی کارکن محترمہ شہناز بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیوایم شعبہ خواتین کی کارکن محترمہ شہناز بیگم برین ہمبرج کے باعث انتقال کرگئیں، رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔24، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 52 کی کارکن محترمہ شہناز بیگم علالت کے باعث انتقال کرگئیں۔مرحومہ برین ہمبرج اور شوگر کی مریضہ تھیں گزشتہ روز برین ہمبرج کے سبب ہی انتقال کرگئیں۔مرحومہ کے سوگواران میں 3 لڑکے اور 3 لڑکیاں شامل ہیں۔شہناز بیگم مرحومہ کو گزشتہ روز نیوکراچی کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحومہ کی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست ناظمین، کونسلرز، ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے اراکین، نیوکراچی سیکٹر کمیٹی کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان اور ہمدردوں نے شرکت کی۔شہناز بیگم مرحومہ کا سوئم 25 اکتوبر بروز اتوار کو بعد نماز ظہر اللہ والی مسجد جیکب لائن میں ہوگا جس میں مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کی جائے گی۔دریں اثناء ایم کیوایم کی شعبہ خواتین کی ذمہ داران و کارکنان اور ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان نے محترمہ شہناز بیگم مرحومہ کی رہائشگاہ جاکر سوگواران سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور مرحومہ کے ایصال ثواب کیلئے دعا کی۔علاوہ ازیں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے محترمہ شہناز بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## ایم کیوایم لائنز ایریا، قصبہ علی گڑھ سیکٹرز اور لیبر ڈویژن اسٹیل مل یونٹ کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔24، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لائنز ایریا سیکٹر یونٹ بزرٹہ لائن کے فنانس سیکریٹری محمد قیوم کے بھائی محمد اسحاق، ایم کیوایم لیبر ڈویژن اسٹیل مل یونٹ کے کارکن محمد جاوید کی والدہ محترمہ عشرت جہاں اور ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ یوسی 13 کے کارکن محمد تنویر کے والد کرامت حسین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر ایم کیوایم ڈیفنس کلفٹن، نیوکراچی اور ابراہیم حیدری سیکٹر کے کارکنان کا تنظیم سے اخراج اور معطلی

کراچی۔۔۔24، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی اور غیر تنظیمی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پر ایم کیوایم ڈیفنس سیکٹر یونٹ 6 دہلی کالونی کے کارکنان حماد یوسف ولد یوسف، علی یامین ولد محمد یامین، ایم کیوایم نیوکراچی سیکٹر یونٹ 139 کے کارکن محمد شفیق پپو ولد محمد نواز اور ایم کیوایم کرچی مضافاتی کمیٹی ابراہیم حیدری سیکٹر یونٹ علی اکبر شاہ گوٹھ کے کارکن محمد زبیر ولد نوہاشم کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے۔اسی طرح رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 152 کے کارکن محمد احد ولد محمد اشرف، ایم کیوایم نیوکراچی سیکٹر یونٹ 139 کے کارکن اشتیاق ولد محمد سردار اور ایم کیوایم ڈیفنس کلفٹن سیکٹر کے جوائنٹ سیکٹر انچارج محمد فاروق ولد محمد ایوب، یونٹ 6 دہلی کالونی کے کارکنان عبید نثار ولد نثار اور سید عمران ولد سید شاہد کو غیر معینہ مدت کیلئے تنظیم سے معطل کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے تمام ذمہ داران اور کارکنان کو سختی سے ہدایت کی ہے کہ وہ مذکورہ افراد سے کسی قسم کا تعلق نہ رکھیں۔

☆☆☆☆☆